تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 04, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس ۔ریڈکون دو ہزار تئیس کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ الیکٹریکل انجینئرنگ نے آئی ای ای ای دہلی کے اشتراک سے حالیہ دنوں میں الیکٹریکل، الیکٹرانکس اور ڈیجیٹل ہیلتھ کیئر ٹکنالوجیز میں ہوئی پیش رفتوں کے موضوع پر مورخہ یکم مئی تا تین مئی کو ہائی برڈ وضع میں سہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس 'ریڈکون دو ہزار تئیس' منعقد کیا۔سہ روزہ کانفرنس کے تئیس اجلاسوں کے دوران میں کل سولہ ممالک کے مصنفین نے کل ایک سو اڑتیس مقالات پیش کیے۔

کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کے مہمان خصوصی (پدم شری) پروفیسر سنجے کمار گو ہا تھے۔اس اجلاس میں تعلیمی اداروں اور صنعت کے معزز مندوبین موجود تھے۔افتتاحی اجلاس میں جناب سوربھ دلیلا ،ڈائریکٹر ،آئی سی اے ٹی ،مانیسر اور کموڈور سنجیو دیوریجا (سبکدوش)، ہندوستانی بحریہ نے بطور مہمانان اعزازی شرکت کی۔ پروفیسر ڈی۔ پی۔کوٹھاری نے پروگرام کی صدارت کی۔

کانفرنس کی منتظمہ کمیٹی کے صدر پروفیسر منا خان نے کانفرنس کے تمام شرکا کا استقبال کیا۔کانفرنس کے انعقاد کے ضمن میں حاصل بیش قیمت تعاون کے لیے انھوں نے پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری) شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

مہمان خصوصی پروفیسر سنجے کمار گوہا نے کلیدی خطبہ بھی دیا۔انھوں نے اس موقع پر سامعین سے خطاب کرتے ہوئے الیکٹریکل، الیکٹرانکس اور ڈیجیٹل ہیلتھ کیئر میں اہم پیش رفتوں کے سلسلے میں اختراعیت اور اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔واک تھرو سرجری کے عنوان سے انھوں نے تحریک زا کلیدی خطبہ دیا۔

کموڈور سنجیو دیورجا (سبک دوش) نے کانفرنس کے مرکزی خیال اور اس کے ذیلی عنوانات کی ستائش کی اور کہا کہ اس سے شرکا کو اپنے افکار وخیالات کے لین دین کے ساتھ جدید تحقیق میں اشتراک کا موقع فراہم ہوگا۔

کانفرنس کے منتظم سیکرٹری پروفیسر ماجد جمیل نے ریڈکون دو ہزار تئیس کے سلسلے میں سامعین کو بتایا اور کہا کہ مستقبل

قریب میں متعدد ریڈکون منعقد کیے جائیں گے۔انھوں نے بتایا کہ اس کانفرنس کے لیے دنیا کے سولہ ممالک سے دوسو پچاس سے زیادہ تحقیقی مقالات موصول ہوئے جن میں صرف ایک سوتینتالیس مقالات کو منظوری دی گئی۔کانفرنس میں پانچ ٹریکس اور تیئیس اجلاس ہوئے۔پروگرام کی دوسری سرپرست پروفیسر منی شاجی تھامس جو کہ ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ بھی ہیں انھوں نے کانفرنس کی منتظمہ ٹیم کے اراکین کی کوششوں کی تعریف کی اور تمام مہمانوں کا جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پرتپاک خیر مقدم کیا۔پروگرام کے تکنیکی صدر پروفیسر انور شہزاد صدیقی کے اظہار تشکر کے ساتھ افتتاحی اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

کانفرنس کے اختتامی اجلاس میں کانفرنس کے منتظم سیکرٹری پروفیسر ماجد جمیل نے بتایا کہ سہہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس میں سولہ ممالک کے ایک سواڑتیس مقالہ نگاروں نے اپنے مقالات پیش کیے۔اختتامی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے منتظم صدر پروفیسر منا خان نے شعبہ الیکٹریکل انجینئرنگ کی حصولیابیاں بتائیں اور بتایا کہ یہ کانفرنس ریڈکون سیریز کا پہلا پروگرام ہے اوراس سیریز کے پروگرام مزید ہوں گے۔کانفرنس کی مشترکہ سرپرست پروفیسر منی شاجی تھامس نے سہہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے لیے منتظمہ کمیٹی کو مبارک باد دی۔

اختتامی اجلاس میں ایئر مارشل ایل کے ورما،اے وی ایس ایم، پی ایچ اس (سابق ڈی جی ایم،ایئر انڈین ایئر فورس) بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔انھوں نے مستقبل میں ہیومن فیکٹر انجینئرنگ کے اقدار پر زور دیا۔انھوں نے اپنی تقریر کے دوران سول اور دفاع کے شعبوں میں ٹیلی میڈیسن کے استعمال کو بھی اجاگر کیا۔

اس اجلاس کی صدارت سابق ڈائریکٹر این آئی ٹی، جالندھر پروفیسر معین الدین نے کی۔انھوں نے منتظمہ کمیٹی کی کوششوں کی تعریف کی کہ انھوں نے علم وفن سے وابستہ اذہان کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کردیا تاکہ وہ اپنی معلومات اور تجربات ایک دوسرے کے ساتھ ساجھا کرسکیں۔

پروگرام کے تکنیکی صدر پروفیسر انور شہزاد صدیقی کے اظہار تشکر کے ساتھ اختتامی اجلاس اختتام پذیر ہوا۔انھوں نے پروگرام کی شان دار کامیابی کے لیے تمام شرکا،حاضرین،مقررین،اسپانسرز اور حامیوں کے گراں قدر تعاون کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی